الحقیقہ

2004

من فضائل المدینہ



توحید
اور محبوبانِ خدا کے کمالات



قائد اعظم
ایک محسن

اداریہ

تہذیبِ مغرب
کتنی عبرتناک اور شرمناک ہے؟





اسلام اور شیطان کے سپوت

یکبارگی دی گئی تین طلاقوں کو
ایک کہنا قرآن وحدیث کا انکار ہے

حمد و نعت

حمد و مناجات

اے مرے خدا جل جلالہٗ

کونین تیرے در کے گدا، اے مرے خدا
سب کی کفیل تیری عطا اے مرے خدا

کون و مکاں میں سب سے بڑا جس کو سوچئے
ہے اس بڑے سے بھی تو بڑا اے مرے خدا

ثانی ترا صفات میں کوئی نہ ذات میں
پھر کس طرح ہو شرک روا اے مرے خدا

گو پاک ہے "مکان" سے تو، اس کے باوجود
ہے ہر مکاں میں جلوہ نما اے مرے خدا

تیرے سوا ہو کس کی طلب، کس کا خوف ہو
کوئی نہیں جب اور خدا، اے مرے خدا

سب نام محو ہو گئے پھر لوحِ قلب سے
جب ایک ترا نام لکھا، اے مرے خدا

چھا جائے دم میں ابرِ کرم صدقۂ حبیب ﷺ
دل سے کوئی کہے تو ذرا اے مرے خدا

تو ہے مرے خدا کا نبی، اے مرے نبی
تو ہے مرے نبی کا خدا، اے مرے خدا

مرشد کے صدقے ذرۂ عشقِ حبیب دے
آسی کی ہے یہی تو دعا اے مرے خدا

نعت و فریاد

اے مرے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام

سرِ ظہورِ ذات ہے تو اے مرے نبی
مقصودِ کائنات ہے تو اے مرے نبی

لولاک والے ارض و سما ہیں تیرے لئے
مختارِ شش جہات ہے اے مرے نبی

اللہ ذوالجلال ہے خالق حیات کا
اور مرکزِ حیات ہے تو اے مرے نبی

تو مظہرِ وجود ہے، تو محورِ شہود!!
ہاں اصلِ ممکنات ہے تو اے مرے نبی

پھر کیوں نہ تو رؤف و رحیم و کریم ہو
آئینۂ صفات ہے تو اے مرے نبی

ترے بغیر معرفتِ ذاتِ حق محال
نور الٰہیات ہے تو اے مرے نبی

دنیا سوال اور تری ذات ہے جواب
دنیا کا ثبات ہے تو اے مرے نبی

محشر میں ہوگا تاجِ شفاعت ترے ہی سر
پیرایۂ نجات ہے تو اے مرے نبی

آسی کو بخش صبر و سکوں صدقہ آل کا
تسکین کائنات ہے تو اے مرے نبی

پروفیسر محمد حسین آسی

یا ایها النبی جاهد الکفار والمنافقین واغلظ علیهم

ماہنامہ

مجلہ الحقیقہ

پاکستان

شوال ... دسمبر 2001 جلد نمبر 5 شمارہ نمبر 3

فہرست

زر تعاون

	فی پرچہ	سالانہ
یورپ	1 پونڈ	10 پونڈ
امریکہ	1.5 ڈالر	15 ڈالر
عرب ممالک	3 ریال	30 ریال

رابطہ: صوفی محمد آصف نقشبندی انچارج دفتر الحقیقہ ... شکر گڑھ

پبلشر: پروفیسر محمد حسین آسی نے احمد پرنٹرز ... لاہور سے چھپوا کر مرکزی دفتر مجلہ الحقیقہ ... شکر گڑھ فون نمبر 451734 سے شائع کیا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

یونس ۔ ۶۲

ترجمہ: سُن لو اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ کچھ غم

کلمة الحقیقه

اداریه

سرپرست اعلیٰ کے قلم سے

قائد اعظم علیہ الرحمہ، ایک عظیم محسن

"الحقیقہ" کا موجودہ شمارہ ماہ دسمبر ۲۰۰۴ء سے متعلق ہے۔ ۱۸۷۶ء کے اسی مہینے کی ۲۵ تاریخ کو ملت اسلامیہ کے عظیم رہنما جناب محمد علی جناح علیہ الرحمہ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ ملت اسلامیہ کی تاریخ کے وہ رہنما جنھوں نے اپنے اپنے دور میں کارہائے نمایاں سرانجام دیئے، وہ سب کے سب عشق رسول ﷺ کی دولت سے مالا مال تھے۔ اور حقیقت یہ ہے اسی عشق کی برکت تھی کہ انھیں اس قسم کی عظیم سعادتیں نصیب ہوئیں۔ نور الدین زنگی، صلاح الدین ایوبی، محمود غزنوی، اورنگ زیب عالمگیر اور احمد شاہ ابدالی علیہم الرحمہ جیسے حضرات کو عشق رسول ﷺ ہی نے قوت دل و جگر عطا کیا تھا اور اسی کی برکت سے ان کا نام تاریخ اسلام میں نہایت ہی درخشاں ہے۔ ماضی قریب میں مفکر پاکستان حکیم الامت حضرت علامہ اقبال علیہ الرحمہ اور قائد اعظم محمد علی جناح علیہ الرحمہ ایسی ہی مقدس شخصیات کی یادگار تھے۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں مسلمانوں نے جس عزم و حوصلے سے اپنی جانیں جان آفریں کی راہ میں قربان کی تھیں، اس کی قبولیت کا نتیجہ تھا کہ اعلیٰحضرت فاضل بریلوی جیسے فقیہ و محدث، حضرت علامہ اقبال علیہ الرحمہ جیسے شاعر و فلسفی اور حضرت قائد اعظم علیہ الرحمہ جیسے سیاسی رہنما پیدا ہوئے جنھوں نے اپنی پوری زندگی ملت اسلامیہ کی خدمت و قیادت کے لئے وقف کر دی اور ان کا اثر یہ ہوا کہ انگریزوں کے زر خرید جو مذہبی انتشار پھیلانا چاہتے تھے، مجدد بریلی نے "سواد اعظم" کو ان کے فریب سے بچا لیا۔ تعلیمی اداروں میں اسلام کے خلاف ملت اسلامیہ کے نونہالوں میں جو احساس کمتری پیدا کیا جا رہا تھا۔ حکیم الامت نے اس محاذ پر باطل کو شکست دی اور سیاست کے میدان میں انگریز اور ہندو جو سازشیں مسلمانوں کے خلاف کر رہے تھے، انھیں قائد اعظم علیہ الرحمہ نے ناکام کر دیا۔ ان تینوں کے حالات زندگی پر غور کیجئے، ہر ایک نے عشق رسول ﷺ کا جذبہ صادقہ، مصالحہ پروان چڑھانے کی کوشش کی۔ ہاں ہاں یہ اعلیٰحضرت بریلوی تھے جنھوں نے بارگاہ حبیب خدا علیہ التحیۃ والثناء میں عرض کی تھی۔

کروں تیرے نام پہ جاں فدا   نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا   کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

یہ حکیم الامت اقبال تھے جنھوں نے نئی تہذیب کے اسیروں اور حرم مغرب کے پرستاروں کے خلاف دوٹوک نفرت کا اظہار کیا اور

اپنے نبی علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے در سے وابستگی کا اعلان یوں کیا۔

یہ فرزندانِ حریمِ مغرب، ہزاروں رہبر بنیں ہمارے!!
ہمیں بھلا ان سے واسطہ کیا جو تجھ سے نا آشنا رہے ہیں

اور یہ قائداعظم تھے جنہوں نے اسی نظریے کو پروان چڑھایا اور دوقومی نظریے ہی کو نظریہ پاکستان قرار دیا۔ یعنی جو حضور پرنور ﷺ کے غلام ہیں، اصل وہی ایک قوم ہیں اور جو اللہ کے محبوب اکبر واعظم ﷺ کے رشتہ غلامی سے وابستہ نہیں وہ دوسری قوم ہیں۔ یہ بات کسے معلوم نہیں اعلیحضرت بریلوی جن پر خواجہ کونین ﷺ کی خصوصی نظر رحمت تھی۔ ان تمام طاقتوں پر غالب آئے جو کلمہ، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ ماننے کے باوجود حضور پرنور ﷺ کی عظمتوں سے بغاوت پر آمادہ تھیں۔ علامہ اقبال نے ان تمام پروفیسروں، منکروں اور فلسفیوں کی کاوشوں کو بے اثر بنا دیا جو امت مسلمہ کو نئی نئی فکری پگڈنڈیوں پر ڈال رہے تھے اور قائداعظم سیاست کے بڑے بڑے جغادری پہلوانوں کو چاروں شانے چت گرا دیا اور اپنے نبی علیہ السلام کی امت کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر کے انہیں ناقابل تسخیر قوت بنا دیا۔ متحدہ برصغیر کے انگریز وائسرائے موئنٹ بیٹن کا اعتراف حقیقت ملاحظہ ہو۔

''برطانوی حکومت کا منشا یہ تھا کہ ہندوستان متحد رہے، لیکن ایسا صرف قائداعظم علیہ الرحمہ کی وجہ سے نہ ہو سکا، اس نے اپنے انٹرویو میں کہا ہے''۔

''مجھے صرف اس مقصد کے لئے ہندوستان بھیجا گیا تھا، کہ میں اس ملک کو کسی نہ کسی طریق سے متحد رکھوں، اور متحدہ ہندوستان ہی کو اقتدار منتقل کروں، ہم دو سال بعد اس عظیم ملک کو چھوڑ رہے تھے، اگر ہم اسے متحدہ ہند کی صورت میں چھوڑنے میں کامیاب ہو جاتے تو یہ نہ صرف ہماری گورنمنٹ کا تاریخ ساز معرکہ ہوتا، ہندوستان کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا، میرے نزدیک ایک الم انگیز حادثہ تھا۔ جس سے اس متحدہ ملک کی قوت پارہ پارہ ہو گئی تھی۔ میں نے اس مقصد کے لئے بھرپور کوشش کی، دن رات ایک کر دیے راتوں کی نیند حرام کر دی، لیکن میرے اس مقصد کی راہ میں ایک ہی شخص حائل تھا۔ جو پہاڑ کی طرح رکاوٹ بنے کھڑا تھا، جو چٹان کی طرح میرے مقصد میں سدِ راہ تھا، ''قائداعظم علیہ الرحمہ'' مسٹر محمد علی جناح صدر آل انڈیا مسلم لیگ''۔ ماؤنٹ بیٹن نے محض اس خیال سے کہ'' میں اب عمر کے آخری دور میں داخل ہو گیا ہوں، بہت بوڑھا ہو چکا ہوں اس عمر میں غلط بات نہیں کہوں گا، قائداعظم علیہ الرحمہ کے متعلق کہا تھا۔ میں تمام سیاسی زندگی میں جس شخص سے سب سے زیادہ متاثر ہوا، مسٹر محمد علی جناح کی ذات اور شخصیت تھی، اس میں میں نے منافقت کا شائبہ تک نہ دیکھا، اتنا بلند کردار انسان اور قومی لیڈر شاید ہی مسلمانوں کو دوبارہ ملے۔'' (روحانی قائد بحوالہ ملت کا پاسبان)

یہ مخالفوں پر غالب آنے والے قائداعظم علیہ الرحمہ کا جذبہ کیا تھا۔ میرے استاذ گرامی حضرت مولانا محمد بخش مسلم علیہ الرحمہ جوان نیک، مقدس لوگوں کے دامِ محبت میں اسیر تھے، اور خصوصاً دونوں آخرالذکر شخصیتوں کے دست راست تھے۔ فرمایا کرتے تھے۔

ایک شخص نے حضرت قائداعظم علیہ الرحمہ سے پوچھا کہ آپ نے پاکستان کیوں بنایا تو فرمایا، میں کامیاب وکیل ہوں اور کامیاب وکیل وہ ہوتا ہے جو جج کی افتاد طبع اور طرز فکر کو سامنے رکھے۔ میرا یقین ہے کہ روز قیامت کا بھی ایک جج ہے، اس کا طرز عمل یہ ہے کہ کوئی اس کے سامنے اس کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نام لے تو وہ معاف کر دیتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ قیامت کے دن مجھ سے وہ پوچھے کہ محمد علی جناح تو نے کیا کیا۔ میں عرض کروں گا کہ تیرے نبی ﷺ کے امتیوں کے لئے پاکستان بنایا۔ سو جب میں نبی ﷺ کا نام لوں گا تو وہ میرے گناہ بھی

معاف کردے گا۔

آیئے اپنے سینے میں قائداعظم علیہ الرحمہ کی غیرت عشق بیدار کریں اور جو لوگ پاکستان کے مخالف رہے یا اب ہیں، انہیں غدار سمجھیں۔ افسوس قوم کا حافظہ بہت کمزور ہے، اپنے رہنماؤں کو بھول جاتی ہے اور غداروں کو بھی فراموش کر دیتی ہے۔ آج ہمارے نصاب کی کتابوں میں جنگ آزادی کے مجاہدین کی بجائے عموماً غداروں کو ہیرو قرار دیا جارہا ہے اور پاکستان کے مخالفوں اور قائداعظم علیہ الرحمہ کو کافر اعظم کہنے والوں کو بھی عظیم رہنما کے طور پر پیش کیا جارہا ہے۔

حق مغفرت کرے عجب پرنور مرد تھا

علمائے حق کے سرخیل شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد نواز نقشبندی علیہ الرحمہ ۱۲ اکتوبر ۲۰۰۴ء کو دار فانی سے عالم بقا کی طرف روانہ ہوئے۔ آپ فخر نقشبندیہ حضرت پیر سید نور الحسن شاہ صاحب (حضرت کیلیانوالہ) قدس سرہ کے مرید صادق، محدث اعظم حضرت مولانا محمد سردار احمد صاحب (فیصل آبادی) کے شاگرد رشید اور پیکر علم و عرفان حضرت پیر سید جلال الدین شاہ صاحب علیہ الرحمۃ (کے ہم سبق) تھے۔

میں سرکاری ملازمت کے سلسلے میں ۱۹۶۶ء تا ۱۹۶۸ء گورنمنٹ ہائی سکول علی پور چٹھہ میں فرائض تدریس سرانجام دیتا رہا۔ یہیں راس العلماء، فخر الفضلا حضرت قبلہ حافظ محمد سعید صاحب خطیب اعظم علی پور چٹھہ سے نیاز حاصل ہوتے اور انہیں کے توسط سے حضرت کیلیانوالہ میں حاضری ہوتی رہی۔ اس دور میں جن حضرات سے بار بار ملاقات کا شرف حاصل ہوا اور زیادہ سے زیادہ متاثر ہوا ان میں حضرت علامہ محمد نواز صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی تھے۔ مولانا علم و فضل ہی کے ذروۂ علیا پر فائز نہیں تھے، عمل و کردار میں بلندیوں کو چھو رہے تھے۔

علی پور چٹھہ سے تبادلہ ہوا اور یہ زیارت کا سلسلہ منقطع ہوا۔ پھر میرے آقائے نعمت شہنشاہ ولایت قیوم دورانی غوث زمانی حضور نقش لاثانی قدس سرہ النورانی کا وصال ۱۹۸۶ء میں ہوا تو حضرت مولانا بھی تعزیت کے لئے دربار لاثانی علی پور سیداں میں آئے۔ اس وقت کے سجادہ نشین اعلیحضرت مخدوم ملت حضرت پیر سید عابد حسین شاہ صاحب (قبلہ نقش لاثانی) آپ کی آمد سے بہت خوش تھے اور بہت سے تعریفی کلمات کے علاوہ یہ بات بھی فرمائی۔

"میرے استاد محترم بہت سادہ طبیعت کے ہیں"

حق یہ ہے کہ دربار شہنشاہ لاثانی قدس سرہ کا ایک طرۂ امتیاز سادگی طبع بھی ہے۔ ہمارے ہاں ظاہری کر وفر اور تصنع و تکلف کو قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا چنانچہ شاگرد رشید علیہ الرحمۃ کی زبان سے ان کے استاد محترم کی یہ تعریف ہم سب کے لئے باعث مسرت تھی۔ وصال شریف سے ایک عرصہ قبل آپ علیل ہوئے اس طویل علالت کے دوران ایک دفعہ میں ازراہ عیادت حاضر ہوا تو حضرت والا درجت کی شخصیت اور بھی سبق آموز اور سکون پرور تھی۔ آپ سراپا صبر و استقامت تھے۔ بلکہ مجسمہ شکر و امتنان تھے۔

گزشتہ دنوں وصال شریف کی خبر سنی تو اپنی مضمحل طبیعت مضمحل تر ہوگئی۔ بلاشبہ اس قسم کے علما کا آنکھوں سے اوجھل ہونا تکلیف دہ ہے۔ اپنی علالت طبع سفر کرنے میں حائل ہے۔ گزشتہ شمارے میں چند حروف لکھنا چاہتا تھا مگر نہ لکھ سکا اور سوئے حفظ کا یہ عالم کہ سوچا لکھ دیئے مگر شمارہ طبع ہو کر آ گیا تو از حد افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بصد عجز دعا ہے کہ حضور نبی کریم رؤف رحیم ﷺ کے طفیل ان کے درجات بلند یوں اور ان کے فرزندوں کو ان کی شمع علم و عرفان روشن رکھنے کی توفیق بخشے خصوصاً عزیز محترم جناب قاری خالد محمود صاحب کو جو شیران اسلام کے عظیم مرکزی رہنما ہیں، یہ سعادت بیش از بیش نصیب ہو۔ آمین!

☆—☆—☆

سلام اور شیطان کے سپوت

قسط: 4

ڈاکٹر محمد حسین آسی

کفار کی ذہنیت: حقیقت یہی ہے کہ اسلام ہی انسانیت کا محافظ تھا اور آج بھی ہے۔ دین حق نے صرف چند متقدمین ہی نہیں دیے بلکہ اقوام عالم کو بہترین معاشرت، لاجواب سیاست اور بے مثال معیشت سے دنیا کو روشناس کیا۔ رسول اعظم و اکرم ﷺ کی تشریف آوری سے قبل دنیا اعتقادی لحاظ سے ہی اوہام و ظنون میں غرق ہو چکی تھی بلکہ تہذیب و تمدن کا بھی کوئی اچھا سا نقشہ موجود نہیں تھا۔ پتھر کے بت ہی نہیں، رنگ و نسل کے بت بھی پوجے جا رہے تھے اور ذات پات کی تمیز نے انسانیت کو پارہ پارہ کر کے رکھ دیا تھا۔ غریبوں، مفلسوں اور عورتوں کو ظلم و ستم کی چکی میں پیسا جا رہا تھا۔ اسلام نے ان کے حق میں آواز اٹھائی تو معاشرے پر چھائے ہوئے انسان نما درندوں نے مخالفت کے طوفان اٹھا دیے اور ہر قیمت پر اس آواز کو دبانے کی کوشش کی۔ انہیں یہ ہرگز گوارا نہیں تھا کہ کوئی غریب و مسکین ان کے ہوتے ہوئے سکھ کا سانس لے۔ چنانچہ حضور پر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب مکہ معظمہ شہر امن و عافیت میں اسلام کا انقلابی پروگرام پیش کیا تو ابوجہل اور اس کے ہم مزاج سرداران قریش صرف خدائے واحد و یکتا کی توحید کے اعلان پر ہی تپ پا نہیں تھے، وہ انسانی اخوت و مساوات کے نعرے کو بھی برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ وہ خدا کی خدائی میں فقیروں اور مسکینوں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑنا اپنا حق سمجھتے تھے۔ چنانچہ یہ لگا پہلے پہل جو لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہوئے وہ زیادہ تر غریب و مسکین اور غلام و کسمپرسی قسم کے لوگ ہی تھے اور یہی حال گذشتہ انبیاء کرام علیہم السلام پر ایمان لانے والوں کا رہا ہے۔ پھر جس طرح کفار مکہ ان پریشان حال مسلمانوں کی ظاہری غربت کے پیش نظر انہیں حقیر سمجھ کر ان کے ساتھ بیٹھنا پسند نہیں کرتے تھے اسی طرح گذشتہ قوموں کے کفار بھی انہیں برداشت نہیں کیا کرتے تھے اور انبیاء کرام علیہم السلام کے نظریہ عدل و مساوات کو عقل و انصاف کے خلاف سمجھتے تھے۔ وہ امارت اور مالدار ہونے کو اتنی اہمیت دیتے تھے کہ اسی کو حق و باطل کا معیار بنا بیٹھے تھے اور یہ سمجھتے تھے خدا کسی غریب و مفلس کو نبی ہرگز نہیں بنا سکتا، گویا یہ بھی انہیں کا حق ہے جنہیں اس نے دولت دنیا سے مالا مال کیا ہے۔ جس طرح ان کے شیطانی ذہن میں یہ بات سمائی ہوئی تھی کہ انسانی شکل میں آنے والا نبی نہیں ہو سکتا۔ یونہی یہ مفروضہ بھی ان کی تاریک و جاہل فضا میں جم گیا تھا کہ اخلاق و کردار کی بلندیوں کی بجائے نبوت کی اہلیت کی شرط مال و دولت ہے۔ ان کے نزدیک حضور پر الصادق اور الامین ہونا بھی مقام نبوت سے کوئی مناسبت نہیں رکھتا۔ وہ حضور اکرم ﷺ کے دست مبارک کو جسے اللہ تعالیٰ خود یَدُ اللہ (اللہ کا ہاتھ) فرماتا ہے معاذ اللہ خالی سمجھتے تھے۔ ان اندھوں کو کیا خبر تھی کہ

مالک کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں ۔۔۔ دو جہاں کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں (اعلیٰحضرت)

ان کے مطالبے بھی سیم و زر کے گرد گھومتے تھے اور دارین کے داتا کونین کے مولا ﷺ سے مانگتے تھے تو ایقان و عرفان کی دولت کی بجائے سونے چاندی کے پہاڑ ہی مانگتے تھے۔ حضور پرنور ﷺ کا ان کے مطالبات پورے نہ کرنا بھی رحمت تھا کیونکہ وہ سب کچھ دیکھنے کے باوجود بھی ایمان نہ لاتے تو عذاب الٰہی کے مستحق قرار پاتے جیسے پہلی قومیں معجزات دیکھ کر بھی ایمان نہ لائیں اور بڑی رسوائی کیساتھ صفحۂ ہستی سے مٹ جائیں)

انبیاء کرام کی غریب نوازی: بہر حال کافروں نے ہمیشہ غربت و افلاس کو تحقیر کی نظر سے دیکھا اور اسی حوالے سے انبیاء علیہم السلام کا انکار بھی کیا۔ انبیاء کرام علیہم السلام ہمیشہ غریبوں اور فقیروں پر دست شفقت رکھتے رہے اور نوازتے رہے۔ تا آنکہ حضور رحمۃ للعلمین ﷺ کی بعثت ہوئی۔ ابو جہل اینڈ کمپنی نے بھی بشریت کے ساتھ ساتھ اپنے خیال میں معاذ اللہ مال و دولت کے حوالے کوئی انکار کا بہانہ بنایا قرآن پاک فرماتا ہے۔

وَإِذَا رَأَوْكَ إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا الَّذِي بَعَثَ اللَّهُ رَسُولًا ٥ (الفرقان ۴۱)

ترجمہ: اور جب تمہیں دیکھتے ہیں تو تمہیں نہیں ٹھہراتے مگر ٹھٹھا (اور کہتے ہیں کہ) کیا یہ ہے جس کو اللہ نے رسول بنا کر بھیجا اور

جب غریب و مسکین لوگوں کو بارگاہ رسالت آب ﷺ میں بیٹھا دیکھتے تو کہتے

أَهَٰؤُلَاءِ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّن بَيْنِنَا (الانعام-۵۳)

ترجمہ: کہ (مالدار کافر مسلمانوں کو دیکھ کر کہتیں) کیا یہ ہیں جن پر اللہ نے ہم میں سے (چن کر) احسان کیا۔

انہیں کسی صورت بھی غریبوں اور غلاموں کے ساتھ بیٹھنا گوارا نہیں تھا وہ یہ بھی مطالبہ کرتے تھے کہ ہمیں بات سنانے کے لئے ضروری ہے کہ حضور ﷺ انہیں اپنی مجلس سے اٹھا دیں یا کم از کم انہیں وہاں نہ بیٹھنے دیں جب ہمیں بیٹھنا ہو ان کے اس مطالبے کا قرآن پاک نے یوں جواب دیا۔

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ ، يُرِيدُونَ وَجْهَهُ ، مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِم مِّن شَيْءٍ ، فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ مِنَ الظَّالِمِينَ ○ (الانعام-۵۲)

ترجمہ: اور دور نہ کرو انہیں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح اور شام اس کی رضا چاہتے ہیں، تم پر ان کے حساب سے کچھ نہیں اور ان پر تمہارے حساب سے کچھ نہیں، پھر انہیں تم دور کرو تو یہ کام انصاف سے بعید ہے۔

یہ تھا کافروں، مشرکوں، ظالموں، ورسہ گیروں اور سرمایہ داروں کا اسلام کے خلاف رویہ اور دین حق کو قبول نہ کرنے کا بہانہ، نیز اس کے برعکس آپ نے دیکھ لیا رحمۃ للعالمین بن کر تشریف لانے والے انسانیت کے محسن اعظم اور کائنات کے ہادی اعظم ﷺ کا طرز عمل اور پھر اپنے محبوب مکرم رسول معظم ﷺ کو مبعوث کرنے والے رب العالمین کی غریب نوازی اور مسکین پروری کا انداز۔ اب کیا کوئی کہہ سکتا ہے۔ دین حق بھی معاذ اللہ سرمایہ داروں کی ہاں میں ہاں ملاتا رہا ہے اور معاذ اللہ اسلام کے علمبردار بھی سرمایہ و دولت کے ایجنٹ رہے ہیں۔

اے غریبوں اور مسکینوں کے جھوٹے خیر خواہو: تمہیں اسلام کی ابتدائی تاریخ پر بھی غور کرنے کی سعادت حاصل نہیں ہوئی۔ تم اپنے وہم و گمان کی ظلمتوں میں ناک ٹوئیاں مارتے رہے ہو اور کبھی تم نے حقائق کے اجالے کی طرف جھانکنے کی جرأت نہیں کی۔ خود تم ہمیشہ سرمایہ داروں کی قدم بوسی کرتے رہے اور اب تک انہیں کے ٹکڑوں پر گزارہ کرتے ہو۔ ہاں ہاں اگر تمہیں غریبوں سے ہمدردی ہوتی اور یتیموں بیواؤں کی تکالیف کا احساس ہوتا تو اسلام کی غریب پرور اور بیکس نواز تعلیمات پر عش عش کر اٹھتے، قرآن کے نور سے ظلم و ستم کی شب سیاہ کو رحم و کرم کی صبح جانفزا میں بدلنے کی کوشش کرتے، قرآن نازل کرنے والے اللہ تعالیٰ کے حضور تمہاری گردنیں تشکر و امتنان کے جذبے سے جھکی رہتیں اور صاحب قرآن حضور رسول کائنات ﷺ کی ذات ستودہ صفات کی بارگاہ میں درود و سلام کے نذرانے پیش کرتے رہتے۔ ہاں ہاں تم خلوص سے اپنے کردار کا بھی جائزہ لیتے تو اسلام کے خلاف اتنا زہریلا پروپیگنڈا کرنے کی جسارت نہ کرتے۔ بتایئے آج تک تم خود کتنے یتیموں کا سہارا بنے ہو، کتنی بیواؤں کی کفالت کی ہے۔ کتنے مسکینوں کو کھانا کھلایا ہے اور کتنے غریبوں کی معاش کا انتظام کیا ہے۔ ہاں ہاں تم میں دعویٰ ہی دعویٰ ہے اور وہ بھی جھوٹا، باتیں ہی باتیں ہیں اور وہ بھی بے تکی، نعرے ہی نعرے ہیں اور وہ بھی بے سروپا۔ اے امریکہ اور بھارت کی نگاہوں پر چلنے والو، اے یہود و نصاریٰ کے اشاروں پر ناچنے والو، اے چند ٹکوں کی خاطر متاع ایمان سے ہی ہاتھ دھو بیٹھنے والو، تمہیں انسانیت کی کیا خبر، تمہیں آدمیت کا کیا پاس، تمہیں کسی کی بیچارگی کا کیا احساس!

ہاں ہاں تم جیسے عدل و انصاف سے عاری اور رحم و کرم سے نا آشنا، مساوات یا مواخات کی بات کرتے ہیں تو بے ساختہ زبان پر یہ مصرع آ جاتا ہے

چاند مے کو اندھیرے میں بہت دوری ہو گی

بانی اسلام ﷺ کی امن پروری بعثت سے قبل: حضور پر نور ﷺ کی بعثت سے پہلے مکہ معظمہ میں چند معززین کا اجتماع ہوا اور انھوں نے ایک معاہدہ کیا، جس کی شقیں حسب ذیل تھیں۔

۱۔ ہم ملک سے بے امنی کو دور کریں گے۔

۲۔ ہم مسافروں کی حفاظت کیا کریں گے۔

۳۔ ہم غریبوں کی امداد کرتے رہیں گے۔

۴۔ ہم زبردست کو زیر دست پر ظلم کرنے سے روکا کریں گے۔

قیام امن و نگرانی حقوق کی انجمن کا نام حلف الفضول تھا (اس میں بنو ہاشم، بنو المطلب، بنو اسد، بنو زہرہ اور بنو تمیم شامل تھے۔ (رحمۃ للعالمین)

اس انجمن کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ اس سلسلے میں سیرت رسول عربی کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو۔

"جب قریش حرب فجار سے واپس آئے تو یہ واقعہ پیش آیا کہ شہر زبید کا ایک شخص اپنا مال تجارت مکہ میں لایا۔ اسے عاص بن وائل سہمی نے خرید لیا مگر قیمت نہ دی۔ اس پر زبیدی نے اپنے احلاف عبدالدار، مخزوم، جمح، سہم و عدی بن کعب سے مدد مانگی مگر ان سب نے مدد دینے

سے انکار کیا۔ پھر اس نے جبل ابو قبیس پر کھڑے ہو کر فریاد کی جسے قریش کعبہ میں سن رہے تھے۔ یہ دیکھ کر حضرت کے چچا زبیر بن عبد المطلب کی تحریک پر بنو ہاشم، زہرہ اور بنو اسد بن عبد العزیٰ سب عبداللہ بن جدعان کے گھر میں جمع ہوئے اور باہم عہد کیا کہ ہم ظالم کے خلاف مظلوم کی مدد کیا کریں گے اور مظالم واپس کروایا کریں گے۔ اس کے بعد عاص بن وائل کے پاس گئے اور اس سے زبیدی کا مال واپس کرایا۔ اس معاہدے کو حلف الفضول اس لئے کہتے ہیں کہ یہ معاہدہ اس معاہدہ کے مشابہ تھا جو قدیم زمانہ میں جرہم کے وقت مکہ میں یہ ہی مضمون ہوا تھا کہ ہم ایک دوسرے کی حق رسائی کیا کریں گے۔ چونکہ جرہم کے وہ لوگ جو اس معاہدہ کے محرک تھے ان سب کا نام فضل تھا جن میں سے فضل بن حارث اور فضل بن وداعہ اور فضل بن فضالہ تھے۔ اس لئے اس کو حلف الفضول سے موسوم کیا گیا تھا"۔

اس تدبیر سے بنی آدم کے جان و مال کی بہت کچھ حفاظت ہو گئی تھی۔ بعثت کے بعد حضور ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ اگر آج بھی کوئی اس انجمن کے نام سے کسی کو مدد کے لئے بلائے تو میں سب سے پہلے اس کی امداد کو تیار پایا جاؤں گا (رحمۃ للعلمین)

بعثت کے بعد: مکہ معظمہ میں بے بس اور بے سہارا لوگوں کے حق میں یہ پہلی موثر آواز تھی جو بعثت سے پہلے اٹھی، اب بعثت ہوئی تو اس آواز کو 'پیغام نبوت' کا ایک اہم حصہ بنا دیا گیا۔ اور اب حضور پرنور ﷺ اپنی طرف سے ہی نہیں، اللہ کی طرف سے بھی مخلوق خدا کے ساتھ رحم وکرم اور ایثار و احسان کا رویہ اپنانے کی تلقین فرمانے لگے۔ اس ابتدائی دور میں بھی یہ بات کھل کے سامنے آ گئی تھی کہ رب العلمین جل مجدہ کی ربوبیت والوہیت اور حضور رحمۃ للعلمین ﷺ کی رسالت و رحمت پر ایمان نہ لانے والا رحم وکرم اور عدل و احسان سے بھی تہی دامن ہوتا ہے۔ دیکھئے قرآن پاک کی رو سے خدا اور قیامت پر ایمان نہ رکھنے والے کے اخلاق و کردار کا نقشہ کتنا بھیانک ہے۔

أَرَأَيْتَ الَّذِي يُكَذِّبُ بِالدِّينِ ۝ فَذَٰلِكَ الَّذِي يَدُعُّ الْيَتِيمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ (الماعون ۱-۳)

ترجمہ: بھلا دیکھو تو جو دین کو جھٹلاتا ہے۔ پھر وہ وہ ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے اور مسکین کو کھانا دینے کی رغبت نہیں دیتا۔

اس کے بعد ان 'نمازیوں' کا ذکر ہے جو اخلاص سے نہیں بلکہ ریا و نفاق سے نمازیں پڑھتے ہیں۔ ایسے نمازی بھی حقیقت ایمان سے محروم ہونے کی بنا پر احسان و مروت سے بے بہرہ ہوتے ہیں۔ دیکھئے قرآن پاک کا جلالی انداز

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ۝ الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ ۝ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ۝ (الماعون ۴تا۷)

ترجمہ: تو ان نمازیوں کی خرابی ہے جو اپنی نماز سے بھولے بیٹھے ہیں۔ وہ جو دکھاوا کرتے ہیں اور برتنے کی چیز مانگے نہیں دیتے۔

یہ تھا ابتدائی دور اسلام۔ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں تشریف آوری ہوئی"

وہاں حضور پرنور ﷺ ظاہری طور پر ایک سلطنت کے سربراہ بھی تھے مگر کوئی ہمارے حضور پرنور ﷺ کی مسکین نوازی اور گدا پروری میں کوئی فرق نہیں، حضور پرنور ﷺ کے رحم وکرم میں کوئی تفاوت، بلکہ ظاہری ذمہ داریوں میں کثرت سے حالات اور بھی سنگین ہو گئے۔ وہی روزے وہی پیٹ پر پتھر، وہی کئی کئی دنوں تک کاشانہ نبوت میں چولہوں کا نہ جلنا اور محض ایک کھجور اور پانی پر گزارا کرنا، ان حالات میں بھی کسی فقیر، کسی مسکین، کسی گدا کو خالی نہیں پھیرا جاتا، اگر بظاہر پاس کچھ نہیں تو وعدہ لے کر اس کی حاجت پوری کی جاتی ہے۔ اسی دور کی سیرت طیبہ کے متعلق کسی کہنے والے نے کہا ہے

نرفت 'لا' بزبان مبارکش ہر گز ۔۔۔ مگر در اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا الله

ترجمہ: حضور پرنور ﷺ کی زبان مبارک پر کبھی 'لا' (یعنی نہیں) نہیں آیا ہاں اگر حضور ﷺ نے 'لا' (یعنی نہ) فرمایا ہے تو کلمہ شہادت میں فرمایا ہے یعنی یہ گواہی دیتے ہوئے کہ اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں۔

جملہ معترضہ: بلند مرتبہ اے رسول عربی کے در رحمۃ للعلمین ﷺ کی بارگاہ میں دست سوال پھیلانے والو! تمہیں مبارک ہو کہ یہ وہ بارگاہ بیکس پناہ ہے جہاں کسی سوال کے جواب میں 'لا' (یعنی نہیں) نہیں فرمایا جاتا۔ اعلیٰحضرت نے اسی لئے عرض کیا ہے۔

واہ کیا جود وکرم ہے شہ بطحا تیرا ۔۔۔ نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

خود فرماتے ہیں۔

إِنَّ اللهَ تَعَالَىٰ قَدْ أَمَّنَ عَائِذَنَا وَلَيْسَ بِخَائِبٍ لَائِذُنَا (ابن ماجہ)

ترجمہ: بیشک جو ہماری پناہ میں آئے اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے امان رکھی ہے اور جو ہمارے حضور التجا لائے وہ نامرادی سے بری ہے

لہٰذا اے عاشقان رسول ﷺ بیشک ہر قسم کے شک وشبہ سے پاک ہوتے ہوئے دو زانو بیٹھیں اور حضور وخشوع سے عرض کرو

یَا رَسُوْلَ اللهِ اُنْظُرْ حَالَنَا ۔۔۔ یَا حَبِیْبَ اللهِ اِسْمَعْ قَالَنَا

پھر وہی بات خیر بات ہو رہی تھی حضور پر نور ﷺ کے اس دور مبارک کی جب آپ ﷺ پھر بھی ایک حکومت کے سربراہ تھے۔ سوال یہ تھا کہ کیا اس زمانے میں بھی حضور پر نور ﷺ کی بود و باش، رہن سہن، خورد و نوش، عجز و انکسار، غریب پروری، یتیم نوازی، جود و کرم اور رحمت و شفقت میں کوئی فرق آیا نہیں اور ہرگز نہیں آخر کیوں؟؟ اسی لئے حضور پر نور ﷺ اپنی ضروریات سے زیادہ یتیموں اور مسکینوں کی ضروریات کا خیال فرماتے تھے اصحاب صفہ کون تھے؟ کیا یہ سرمایہ دار لوگ تھے، کیا یہ پہلوان اور غازی تھے (جن کی میدان جہاد میں ضرورت تھی) کیا یہ مدبر اور مفکر تھے جو امور حکومت چلاتے تھے یہ سب مسکین اور بے سہارا تھے جو بظاہر بھی رحمۃ للعالمین ﷺ کی بارگاہ عرش پناہ میں پناہ لئے ہوئے تھے، وہ دو جہاں کا سلطان، اگر کسی سلطان ہفت کشور کے گدا نہیں کسی مالک سیم و زر کے سائل نہیں، کسی صاحب خزینہ و دفینہ کے دست نگر نہیں، ہاں ہاں یہ گدا ہیں تو اس کے جو خواجہ تسنیم و کوثر ہے، جو سلطان دو جہاں ہے، جو شافع روز محشر ہے۔ ہاں یہ خدا کی سب مخلوق کا داتا ہے، یہ اللہ کی ہر دولت کا خازن ہے، یہ مالک الملک کی ہر نعمت کا قاسم ہے۔ مگر پھر بھی حال یہ ہے

کھانا تو دیکھو جو کی روٹی، بن چھنا آٹا روٹی موٹی
وہ بھی شکم بھر روز نہ کھانا، صلی اللہ علیہ وسلم!
قبضے میں جس کے ساری خدائی، اس کا بچھونا ایک چٹائی
نظروں میں کیسی، ہیچ تھی دنیا، صلی اللہ علیہ وسلم

آیئے اسی دور کا ایک واقعہ سن لیجئے۔

ایلاء کے زمانہ میں آنحضرت ﷺ ایک مشربہ (بالا خانہ) میں تشریف رکھتے تھے۔ جہاں کھانے پینے کا اسباب رکھا جاتا تھا۔ حضرت عمر فاروق کو جب ایلاء کی خبر ملی۔ تو گھبرائے ہوئے اس مشربہ میں حاضر خدمت اقدس ہوئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک کھری چارپائی پر لیٹے ہوئے ہیں۔ جو برگ خرما سے بنی ہوئی ہے اور جس پر کوئی توشک وغیرہ نہیں۔ بوریائے خرما کے نشان آپ کے پہلوئے مبارک پر پڑے ہوئے ہیں اور بدن مبارک پر ایک تہبند کے سوا کچھ نہیں۔ سرہانے ایک تکیہ ہے۔ جس میں خرما کی چھال بھری ہوئی ہے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کے خزانہ کو دیکھا۔ ایک کونے میں مٹھی بھر جو رکھے ہوئے تھے۔ پاؤں مبارک کے قریب درخت سلم کے کچھ پتے (جو دباغت میں کام آتے ہیں) پڑے ہوئے تھے۔ اور سر مبارک کے پاس ایک کھونٹی پر تین کھالیں لٹک رہی تھیں۔ یہ دیکھ کر میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ آپ نے پوچھا۔ ابن خطاب! کیوں روتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ کیوں نہ روؤں۔ بوریائے خرما کے نشان آپ کے پہلوئے مبارک پر پڑے ہوئے ہیں۔ یہ آپ کا خزانہ ہے۔ اس میں جو کچھ ہے وہ نظر آ رہا ہے۔ قیصر و کسریٰ تو باغ و بہار کے مزے لوٹیں اور خدا کے رسول و برگزیدہ کے خزانہ کا یہ حال ہو۔ آپ نے فرمایا۔ ابن خطاب! کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ آخرت ہمارے واسطے اور دنیا ان کے لئے ہو۔ (سیرت رسول عربی بحوالہ سیرت ابن ہشام)

حضور پر نور ﷺ کے زہد کے بارے میں مشہور سیرت نگار جناب قاضی محمد سلیمان سلمان مرحوم کے چند الفاظ نہایت جامع ہیں گویا دریا کو کوزے میں بند کر دیا گیا ہے۔ "آپ ﷺ کی دعا تھی

يَا رَبِّ اَجُوْعُ يَوْمًا وَاَشْبَعُ يَوْمًا وَاَمَّا الْيَوْمُ الَّذِي اَجُوْعُ فِيْهِ فَاَتَضَرَّعُ اِلَيْكَ وَاَدْعُوْكَ
وَاَمَّا الْيَوْمُ الَّذِي اَشْبَعُ فِيْهِ فَاَحْمَدُكَ وَاُثْنِيْ عَلَيْكَ

الٰہی ایک دن بھوکا رہوں، ایک دن کھانے کو ملے، بھوک میں تیرے سامنے گڑگڑایا کروں، تجھ سے مانگا کروں اور کھا کر تیری حمد و ثنا کیا کروں۔

۲۔۔۔ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں، ایک ایک مہینہ ہمارے چولہے میں آگ روشن نہ ہوتی۔ حضرت کا کنبہ پانی اور کھجور پر گزران کرتا۔

۳۔۔۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں، نبی ﷺ نے مدینہ آکر تین دن تک برابر گیہوں کی روٹی کبھی نہیں کھائی

۴۔۔۔ نبی ﷺ نے انتقال فرمایا تو اس وقت آنحضرت ﷺ کی زرہ ایک یہودی کے پاس بعوض غلہ (جو) رہن تھی۔

۵۔۔۔ آنحضرت ﷺ اس دنیا کی آخری شب میں تھے کہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے پڑوسن سے چراغ کے لئے تیل منگوایا تھا۔

۶۔۔۔ نبی ﷺ دعا فرمایا کرتے تھے۔ الٰہی آل محمد ﷺ کو صرف اتنا دے، جتنا پیٹ میں ڈال لیں۔ یہ یاد رکھنا چاہئے زہد کی یہ تمام صورتیں اختیاری تھیں۔ لاچاری بکجہتہ تھی"۔

اتحاد ملت (۲۲)

کی ضرورت وصورت

گذشتہ دنوں سیرت کی مشہور و معروف کتاب رحمۃ للعالمین کے عظیم مصنف جناب قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری کی ایک عظیم و مختصر کتاب شرح اسماء الحسنیٰ دیکھنے کی سعادت ملی [illegible] کے تمام میں مصنف کا تعارف [illegible] ہے۔ مضمون نگار جناب حکیم محمد [illegible] صاحب نے قاضی صاحب کی دیانت کے بارے میں ایک ایمان افروز واقعہ لکھا ہے۔ آپ بھی ملاحظہ فرمائیں [illegible]۔

"علم حدیث کی [illegible] تفسیر پر بھی قاضی صاحب [illegible] حاصل تھا۔ اس ضمن میں مجھے [illegible] ابو الخیر الدین احمد [illegible] کی ایک روایت یاد آتی ہے [illegible] قاضی صاحب [illegible] ہے [illegible] کی [illegible] میں بہت [illegible] گفتگو ہوئی [illegible] قاضی صاحب [illegible] کی آیت پڑھی۔ [illegible] قاضی صاحب نے فرمایا [illegible] تفسیر [illegible] مختلف [illegible] ہے۔ قاضی صاحب نے بیان [illegible] کی ذیلی اندازی ہوگئی ہے انھوں نے فرمایا کہ [illegible] کا ترجمہ [illegible] یوسف علیہ السلام [illegible] درحقیقت یہ ہے کہ [illegible] صورت میں [illegible] دل میں پیدا نہیں ہوئی بلکہ [illegible]۔"

[illegible] کے بارے والوں کی عقیدہ کا عام مقام نبوت کی معصومیت پر کامل یقین ہے [illegible] عصمت کا عقیدہ اسلام کے بنیادی اور متفقہ مسائل میں سے ہے۔ [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] (علیہ السلام) [illegible] علیم و خبیر ہونے پر بھی [illegible] یقیناً [illegible] کتاب کا [illegible] تھا۔ [illegible]۔

اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ (الانعام ۱۲۴) ترجمہ: اللہ خوب جانتا ہے جہاں اپنی رسالت رکھے

قرآن حکیم کا ترجمہ و تفسیر کرتے وقت اس بنیادی حقیقت کو پیش نظر رکھنا چاہیے مگر افسوس کہ بہت سے مترجمین اس سے غافل ہوتے ہیں یا [illegible] قوم و مقام نبوت کا باغی بنانا چاہتے ہیں۔

یہی الفاظ قرآنی جن کا ترجمہ کرتے ہوئے جناب قاضی صاحب نے بڑی احتیاط سے کام لیا۔ دارالعلوم دیوبند کے شیخ الہند جناب محمود الحسن صاحب یوں کرتے ہیں پہلے الفاظ ملاحظہ فرمائیے پھر ترجمہ

[illegible] (یوسف ۲۴)

ترجمہ: [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ترجمہ: [illegible]

[illegible]

[illegible]

مگر اس سے پہلے اسی سورۂ یوسف کی آیت [illegible] ملاحظہ فرمائیے

حَتّٰی اِذَا اسْتَیْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا (یوسف ۱۱۰)

یہی شیخ الہند یا شیخ الہند اس کا ترجمہ کرتے ہیں۔

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ناامید ہونے لگے رسول اور خیال کرنے لگے کہ

ان سے جھوٹ کہا گیا تھا پہنچی ان کو ہماری مدد

[illegible]

[illegible]

یہاں تک کہ جب رسول [illegible] (ترجمہ [illegible])

دیکھا آپ نے دونوں ترجموں کا فرق۔

[illegible]

[illegible]

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ (فتح ۱-۲)

ترجمہ: ہم نے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ تاکہ معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہو چکے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ترجمہ کرنا بھی بلا الزام کیا ہے [illegible] قرآن پاک [illegible]

[illegible] حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے پاس جانے کا حکم ہوا ہے تو انھوں نے عرض کیا

ولهم علي ذنب فاخاف ان يقتلون ۝ (شعراء ۱۴)

ترجمہ [illegible] مجھ پر [illegible] کا [illegible] مجھے قتل [illegible]

[illegible]

[illegible] ذنبک [illegible] ہجرت [illegible]

[illegible] حدمت [illegible]

قرآن مجید [illegible] ليغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تأخر [illegible] کرے۔

[illegible]

[illegible] ہجرت [illegible] اتہامات لگائے تھے [illegible] قبل ہجرت

الگ تھے اور بعد از ہجرت الگ

اتہامات قبل از ہجرت [illegible]

کا کوئی شخص [illegible] وغیرہ وغیرہ۔

اتہامات بعد از ہجرت [illegible]

[illegible] وغیرہ وغیرہ۔

مومنین پر بھی ایسے ہی الزامات لگائے جاتے [illegible] ناقابل [illegible]

[illegible] ﷺ [illegible]

آیت لا تنفقوا على من عند رسول الله حتى ينفضوا [illegible]

کے) میں بھی بات ان کو بتائی گئی ہے۔

[illegible] ﷺ نے حضور میں سفیر قریش کی حیثیت سے [illegible]

[illegible] حضرت ابوبکر صدیق [illegible]

[illegible] الزامات [illegible]

[illegible] بصیرت [illegible]

[illegible] اتہامات [illegible]

ہو گئے تھے۔ (رحمۃ للعالمین جلد سوم)

[illegible] لغوی تحقیقات کی فرصت تھی [illegible]

[illegible] سے اپنے

[illegible] ﷺ جس کا کلمہ پڑھنے کا دعویٰ بھی کرتے ہیں [illegible]

[illegible] ترجمہ کرتے ہوئے [illegible] نازل ہوا ہے۔ کیا اس

[illegible] خوف خدا [illegible] چنانچہ ارشاد ہوتا ہے

إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ (فاطر ۲۸)

ترجمہ: اللہ سے اس کے بندوں میں وہی ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں

یہ آیتیں ... خوف ... تعریف ... کی گئی ہے۔

وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ۝ (الفرقان ۷۳)

ترجمہ: اور وہ کہ جب انہیں ان کے رب کی آیتیں یاد دلائی جائیں تو ان پر بہرے اندھے ہو کر نہیں گرتے

اگر اس کا ترجمہ ... کیا جائے تو پھر بھی عظمت رسالت کو ٹھوکر ... عقیدہ ... ہو گیا ہے۔ دیکھئے اعلیٰ حضرت ... قرآن ... سورۃ الفتح کی ان ابتدائی الفاظ کا ترجمہ کیا ہے۔

بیشک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرما دی تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے۔ (کنز الایمان)

یہاں سے یہ بھی معلوم ہو گیا ... دیوبندی ... یہ ہی ہے کہ ... خوف خدا ... ہوتے ہیں اور یہی خوف خدا عشق رسول ﷺ کی بنیاد ہے۔ گویا دیوبندیت میں خوف خدا ہے نہ عشق مصطفیٰ ﷺ کی دولت ...

اگر یہ بات کہ دیوبندی ... خوف خدا سے عاری ہیں ... آیت کا ترجمہ جس کا تعلق ... صفات ... دیوبندی ... مطابق ... اعلیٰ حضرت ... کا ترجمہ بھی ملاحظہ ہو۔

آیت نمبر ۱ وَمَكَرُوا وَمَكَرَ اللَّهُ وَاللَّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ ۝ (آل عمران ۵۴)

ترجمہ محمود الحسن دیوبندی: اور مکر کیا ان کافروں نے اور مکر کیا اللہ نے اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے۔

ترجمہ اعلیٰ حضرت: اور کافروں نے مکر کیا اور اللہ نے ان کے ہلاک کی خفیہ تدبیر فرمائی اور اللہ سب سے بہتر چھپی تدبیر والا ہے۔

دیکھا خوف خدا کا اثر

آیت نمبر ۲ آل عمران کی آیت نمبر ۱۴۰ میں یہ جملہ ہے

وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا

ترجمہ دیوبندی: اور اس واسطے کہ معلوم کرے اللہ جن کو ایمان ہے

ترجمہ اعلیٰ حضرت: اور اس لئے کہ اللہ پہچان کرا دے ایمان والوں کی۔

آیت نمبر ۳ سورۃ التوبہ کی آیت نمبر ۱۶ میں ایک جملہ ہے

وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ

ترجمہ دیوبندی: اور ابھی تک معلوم نہیں کیا اللہ نے تم میں سے ان لوگوں کو جنہوں نے جہاد کیا ہے

ترجمہ اعلیٰ حضرت: اور ابھی اللہ نے پہچان نہ کرائی ان کی جو تم میں سے جہاد کریں گے۔

ذرا سوچئے کتنی ہوئی دیوبندی طرف سے اللہ کے علم کا انکار کرنے کی کہ جو جہاد کر چکے ہیں اللہ ابھی انہیں بھی نہیں جانتا (معاذ اللہ) دوسرا ترجمہ بھی آپ کے سامنے ہے۔ فرق دیکھ لیں۔

آیت نمبر ۴ سورۃ النساء کی آیت نمبر ۱۴۲ کا ابتدائی حصہ

إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ

ترجمہ دیوبندی: البتہ منافق دغابازی کرتے ہیں اللہ سے اور وہی ان کو دغا دے گا۔

[illegible]

فرمایا اللہ کریم نے

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ۝ (البقرۃ ۱۱)

[illegible]

[illegible]

[illegible] نہیں سمجھتا تو یہ اس کا اپنا قصور ہے۔

[illegible]

[illegible]

ہے اسی لئے اگلی آیت میں ہی اللہ نے فیصلہ فرما دیا۔

أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ ۝ (البقرۃ ۱۲)

ترجمہ: سن لو یہی فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں۔

[illegible] معلم انسانیت، معلم ﷺ فرماتے ہیں

إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَىٰ أُمَّتِي كُلُّ مُنَافِقٍ عَلِيمِ اللِّسَانِ

ترجمہ: مجھے اپنی امت کے بارے میں سب سے زیادہ جس کا خطرہ ہے وہ ہر منافق ہے جس کی زبان عالمانہ ہو۔

☆ ☆ ☆

توحید اور محبوبانِ خدا کے کمالات

(قسط ۴۸) (پروفیسر محمد یٰسین آسی)

گذشتہ قسط میں چند قرآنی وظائف اور ان کی [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۱۔ ہر قسم کی بیماری اور تکلیف سے رہائی: حضرت عبداللہ بن مسعود [illegible]

[illegible] تھے

اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ

سَقَمًا (ابو داود)

ترجمہ: اے لوگوں کے رب بیماری دور فرما، شفا عطا فرما، تو ہی شافی ہے تیری شفا کے سوا کوئی شفا

نہیں ایسی شفا عطا فرما جس میں کوئی کمی نہ ہو۔

۲۔ شدید درد کا علاج: حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ [illegible]

[illegible]

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ (مسلم، ابن ماجہ)

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کی عزت و قدرت کی پناہ میں آتا ہوں اس تکلیف سے جو (محسوس) پاتا ہوں اور جس سے ڈرتا ہوں

۳۔ حضرت جبریل علیہ السلام کا دم: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ [illegible] حضور سید عالم ﷺ [illegible]

[illegible]

بِسْمِ اللّٰهِ يُبْرِيْكَ وَمِنْ كُلِّ دَاءٍ يَشْفِيْكَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ وَمِنْ

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ (ابن ماجہ)

ترجمہ: [illegible]

[illegible]

۴۔ ایک جامع دعا: حضرت [illegible] ﷺ [illegible] کرتے تھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ [illegible] (نسائی)

ترجمہ: [illegible]

۵۔ آنکھ اور بعض اعضاء کی حفاظت: حضرت [illegible]

سے نفع اٹھاؤں۔ فرمایا یوں کہا کر

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ مِنْ شَرِّ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَلِسَانِيْ وَقَلْبِيْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّيْ يَعْنِيْ ذَكَرَهٗ (نسائی)

ترجمہ: [illegible]

۶۔ زخم یا پھوڑے کا علاج: ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا [illegible]

[illegible] حضور ﷺ اپنی مبارک انگلی [illegible]

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا

ترجمہ: میں اللہ کے نام سے برکت حاصل کرتا ہوں یہ ہماری زمین کی مٹی ہے جو ہم میں کسی کے تھوک

میں ملی ہوئی ہے تاکہ ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے حکم سے شفا ہو۔

۷۔ ہر غم اور ہر قرضے سے نجات: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک روز حضور پاک ﷺ مسجد میں تشریف لائے تو

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اللهم إني أعوذ بك من [illegible] وأعوذ بك من [illegible]

ترجمہ: اے اللہ [illegible]

تیری پناہ کا سوالی ہوں۔

۸۔ **نیند نہ آئے تو** [illegible]

اللهم غارت النجوم وهدأت العيون وأنت حي قيوم لا تأخذك سنة ولا نوم

يا حي يا قيوم أهدئ ليلي وأنم عيني (ابن السني)

ترجمہ: اے اللہ ستارے چھپ گئے، [illegible]

[illegible] يا حي يا قيوم [illegible]

۹۔ **نیند میں ڈر آئے تو** [illegible]

عمل کریں) ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

أعوذ بكلمات الله التامات من غضبه وعقابه وشر عباده ومن همزات الشياطين وأن

يحضرون (ترمذی)

ترجمہ: [illegible]

[illegible]

• **مختلف اخلاقی و روحانی بیماریوں سے نجات** [illegible]

اللهم طهر قلبي من النفاق وعملي من الرياء ولساني من الكذب وعيني من

الخيانة فإنك تعلم خائنة الأعين وما تخفي الصدور

ترجمہ: [illegible]

[illegible]

۱۱۔ **غم زیادہ ہو جائیں تو۔** [illegible]

[illegible]

لا حول ولا قوة إلا بالله (بخاری، مسلم)

ترجمہ: تمام قوت و طاقت اللہ ہی کیلئے ہے۔

۱۲۔ **جو (حلال) کھاؤ نقصان نہیں دے گا۔** [illegible]

"ایک صاحب [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] طرح کا عمل جاتا ان کی دلی تشویش [illegible] حدیث شریف میں ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

[illegible]

ہوں۔" (مجدد اسلام ص ۸۱)

حقیقت [illegible]

[illegible]

اب اسی ضمن میں ایک مزید واقعہ ملاحظہ فرمایئے۔

۱۳۔ بیماریوں سے محفوظ رہنے کا طریقہ: [illegible]

[illegible] کے لفظوں میں ملاحظہ فرمایئے

[illegible]

[illegible] نے محفوظ رکھا۔

[illegible]

[illegible]

(ترجمہ: [illegible])

جن جن امراض کے مریضوں [illegible] سب سے محفوظ ہوں [illegible]

تعالیٰ ہمیشہ محفوظ رہوں گا (سیرت امام احمد رضا، ملفوظات اعلیٰ حضرت)

۱۴۔ پیٹ درد کے لئے: حضرت [illegible] ﷺ شریف

لائے انھوں نے مجھ سے پوچھا

اے ابو ہریرہ کیا تمہارے پیٹ میں درد ہے؟

میں نے عرض کی کہ ہاں یا رسول اللہ

[illegible]

۵۔ درود شریف سے غم دور، گناہ معاف حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض [illegible] درود شریف پڑھتا ہوں [illegible] درود شریف [illegible] وقت مقرر کروں [illegible] جتنا تم چاہو [illegible] میں نے [illegible] چوتھائی وقت فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر زیادہ کرو تو تمہارے حق میں بہتر ہے [illegible] آدھا وقت فرمایا [illegible] تمہاری مرضی [illegible] تمہارے لئے بہتر ہے [illegible] کہ سارا وقت [illegible] آپ پر درود شریف ہی پڑھوں گا فرمایا

(اذاً تُکفٰی همّک ویُغفر لک ذنبک [illegible])

ترجمہ: تب تو تمہارے سب غموں کو کافی ہوگا اور تمہارے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

حکیم الامت مفتی احمد یار خان صاحب نعیمی [illegible] فرماتے ہیں

[illegible] درود شریف [illegible] سب [illegible] دنیا کی مشکلیں خود بخود حل ہوں گی (مرآت المناجیح جلد دوم)

جدید توحید کے علمبردار غور سے پڑھیں
درج ذیل وظائف بھی احادیث میں ہیں

۱۲۔ نماز حاجت حضرت عثمان بن حنیف [illegible] ایک شخص [illegible] رسول ﷺ [illegible] حضور ﷺ [illegible] حضور ﷺ [illegible] یوں دعا مانگنے کا حکم دیا۔

اللّٰھم انی اسئلک واتوجه الیک بنبیک محمد نبی الرحمة یا محمد انی قد

توجهت بک الی ربی فی حاجتی هذه لتقضی لی اللّٰهم فشفعه فیَّ

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف نبی رحمت حضرت محمد ﷺ کے وسیلے سے تیری

طرف توجہ کرتا ہوں یا محمد میں آپ کے وسیلے سے اپنی اس حاجت میں اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں

تاکہ وہ میری حاجت پوری کی جائے۔ اے اللہ میرے بارے میں حضور ﷺ کی شفاعت قبول فرما

[illegible] حدیث صحیح [illegible] یہ حدیث صحیح ہے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] اس کتاب کی تالیف

[illegible] پیش کیے ہیں (جس کا

[illegible]

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوحٰى

[illegible]

(ترجمہ حصن حصین اردو کامل)

[illegible]

[illegible] (اصل عبارت ارشادات خود حضرت مصنف کے ہیں)

[illegible] آپ کے دست مبارک کی طرف دیکھ رہا

[illegible] ہاتھ پھیرے۔

[illegible]

پھر آپ نے اسی نماز حاجت [illegible]

[illegible]

[illegible]

(حصن حصین [illegible] صدیق ہزاروی [illegible])

۱۷۔ سفر میں سواری کا جانور چھوٹ کر بھاگ جائے تو [illegible]

أَغِيثُونِي يَا عِبَادَ اللّٰهِ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ

ترجمہ: اے اللہ کے بندو میری مدد کرو اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے

۱۸۔ اگر کسی مددگار کی ضرورت ہو تو پکارے:

یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ اعینونی

[illegible]

مولانا محمد ادریس صاحب اس وظیفے کے بارے لکھتے ہیں

[illegible] مصنف علیہ الرحمہ فرماتے ہیں یہ عمل آزمودہ ہے۔

انصاف اور ایمان کا تقاضا [illegible]

[illegible]

[illegible] ہوگا

[illegible] ہجرت فرما کر [illegible]

فصعد الرجال والنساء فوق البيوت وتفرق الغلمان والخدم في الطرق ينادون

يا محمد يا رسول الله يا محمد يا رسول الله

ترجمہ: تو مرد عورتیں اور مرد گھروں کی چھتوں پر چڑھ گئے اور بچے اور خادم گلیوں میں متفرق ہو کر نعرے لگاتے تھے

يا محمد يا رسول الله يا محمد يا رسول الله

ایک غیر مقلد محدث کا فیصلہ [illegible]

[illegible] مشکل [illegible]

حدیث [illegible] حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ [illegible]

[illegible] بالفاظ حسب ذیل ہے

[illegible] فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَوَضَّأَ فَيُحْسِنَ وُضُوءَهُ [illegible] وَيَدْعُوَ بِهَذَا الدُّعَاءِ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ [illegible] صَحِيحٌ [illegible] قَالَ التِّرْمِذِيُّ هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَفِي رِوَايَةٍ [illegible] إِنِّي تَوَجَّهْتُ بِكَ إِلَى رَبِّي [illegible] عِبَادِ اللهِ [illegible]

ترجمہ: [illegible] رسول اللہ ﷺ سے [illegible] یا محمد میں آپ کے [illegible] آپ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں [illegible]

اور حدیث میں آیا ہے اے اللہ کے بندو میری مدد کرو

شاہ ولی اللہ [illegible] مصنف ابن ابی شیبہ [illegible]

[illegible]

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ [illegible] قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّةُ أَحَدِكُمْ بِأَرْضِ فَلَاةٍ فَلْيُنَادِ يَا عِبَادَ اللهِ احْبِسُوا [illegible] فَإِنَّ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي الْأَرْضِ حَاضِرًا سَيَحْبِسُهُ [illegible]

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کا جانور جنگل میں چھوٹ کر بھاگ جائے تو وہ پکارے اے اللہ کے بندو اسے روک لو، اے اللہ کے بندو اسے روک لو کیونکہ اللہ کی طرف سے وہاں حاضر ہوتا ہے جو اسے جلدی روک لے گا

۱۹۔ پاؤں سن ہو جائے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کیا پڑھتے تھے

حضرت عبد الرحمن بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں سن ہو گیا تو ایک آدمی نے عرض کیا

اذْكُرْ أَحَبَّ النَّاسِ إِلَيْكَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ

یعنی اسے یاد کیجئے جو آپ کو سب لوگوں میں محبوب تر ہے تو آپ نے فوراً پکارا یا مُحَمَّدُ ﷺ

ہاں ہاں اگر حضور ﷺ کسی کو سب سے زیادہ محبوب نہ ہوں تو وہ مومن نہیں ہو سکتا چنانچہ اسی حقیقت کے پیش نظر کہنے والے کا مطلب بھی یہی تھا کہ حضور پر نور ﷺ کو پکاریں۔

من فضائل المدینہ

[illegible]

☆ — حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کو حرم بنایا تھا اور اہل مکہ کے لئے دعا کی تھی میں مدینہ منورہ کو حرم بناتا ہوں، اور مدینہ منورہ کے صاع اور مد کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے دوگنا زیادہ دعا کرتا ہوں۔ (مسلم، کتاب الحج)

☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کو حرم قرار دیا تھا اور میں مدینہ منورہ کو حرم قرار دیتا ہوں، لہذا مدینہ منورہ کی دونوں پتھریلی جانبوں کے درمیان سے نہ کسی درخت کو کاٹا جائے گا اور نہ کسی جانور کا شکار کھیلا جائے گا۔ (ایضاً، کتاب الحج)

☆ حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ اپنے والد گرامی حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، کاش، اہل مدینہ اس بات کو جان لیں کہ مدینہ ہی ان کے لئے بہتر ہے۔ جو آدمی مدینہ منورہ سے اعراض کرکے اس کی سکونت کو چھوڑ دے گا، اللہ تعالیٰ اس سے بہتر آدمی کو مدینہ منورہ کا رہائشی بنادے گا، جو آدمی مدینہ منورہ کی بھوک پیاس اور محنت کو برداشت کرے گا، میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا اور اس کے حق میں گواہی دوں گا۔ (ایضاً، کتاب الحج)

☆ — حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اہل مدینہ کو تکلیف دینے کا ارادہ کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کو آگ میں اس طرح پگھلائے گا جس طرح سیسہ پگھلتا ہے، یا جس طرح نمک پانی میں گھل جاتا ہے۔ (ایضاً)

☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لا رہے تھے، حتیٰ کہ احد پہاڑ آپ کے سامنے ظاہر ہو گیا۔ آپ نے فرمایا، یہ احد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں، اے اللہ میں ان دونوں پہاڑوں کی درمیانی جگہ کو حرم قرار دیتا ہوں، جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کو حرم قرار دیا تھا، اے اللہ اہل مدینہ کے صاع اور مد میں برکت نازل فرما۔ (ایضاً)

☆ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے خطبہ کے دوران ارشاد فرمایا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ کوہ عیر سے لے کر کوہ ثور تک مدینہ منورہ حرم ہے، لہذا جو شخص مدینہ منورہ میں کوئی جرم کرے گا یا مجرم کو پناہ دے گا، اس پر اللہ تعالیٰ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔ (ایضاً)

☆ — حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ ہے کہ نہ اس کا فرض قبول ہوگا، نہ نفل قبول ہوگا (مسلم)

☆ — جنگ حرہ کے زمانے میں ابو سعید مولیٰ مہری نے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس آکر مدینہ منورہ سے کوچ کرنے کا مشورہ کیا، مدینہ کی مہنگائی اور اپنے بچوں

[illegible]
مشکلات کو برداشت نہیں کر سکتا۔ انہوں نے فرمایا: میں تمہیں یہ مشورہ نہیں دوں گا کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو شخص مدینہ منورہ کی مشکلات پر صبر کرے گا، میں قیامت کے دن اس کا شفیع یا گواہ ہوں گا، شرطیکہ وہ مسلمان ہو۔ (ایضاً)

☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب ہم مدینہ منورہ آئے تو آگے وبائی بخار تھا تو حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت بلال رضی اللہ عنہما بیمار ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرام کی بیماری دیکھی تو دعا فرمائی: اے اللہ! جس طرح تو نے ہمارے نزدیک مکہ کو محبوب بنایا تھا اسی طرح مدینہ منورہ کو بھی محبوب بنا دے، بلکہ اس سے بھی زیادہ محبوب بنا دے، مدینہ منورہ کو صحت افزا بنا دے اور ہمارے صاع اور مد میں برکت ڈال دے اور اس کا بخار مقام جحفہ کی طرف منتقل کر دے۔ (ایضاً)

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسیح دجال مشرق کی طرف سے آئے گا، وہ مدینہ منورہ میں داخل ہونے کا ارادہ کرے گا، جہاں تک کہ احد پہاڑ کے پیچھے اترے گا۔ فرشتے وہیں سے اس کا رخ شام کی طرف موڑ دیں گے اور وہ شام میں ہلاک ہو جائے گا۔ (ایضاً)

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک زمانہ ایسا آئے گا، کہ لوگ اپنے عم زادوں اور رشتہ داروں کو بلا کر کہیں گے کہ جہاں آسانی ہو اس جگہ چلو، کاش کہ وہ جان لیتے کہ مدینہ منورہ ہی ان لوگوں کے لئے بہتر ہے۔ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، جو شخص بھی مدینہ منورہ سے اعراض کرے گا، اللہ تعالیٰ اس سے بہتر شخص کو مدینہ منورہ میں آباد کر دے گا۔ سنو! مدینہ منورہ ایک بھٹی کی طرح ہے جو میل کچیل کو نکال کر باہر پھینکتا ہے، اس وقت تک قیامت نہیں آئے گی، جب تک مدینہ منورہ خبیث لوگوں کو نکال کر باہر نہ پھینک دے۔ (ایضاً)

☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مدینہ منورہ کا نام طابہ رکھا ہے۔

☆ حضرت [illegible] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (ایضاً) مجھے ایک بستی کی طرف ہجرت کا حکم دیا گیا ہے جو تمام بستیوں [illegible] لوگ اسے یثرب کہتے ہیں [illegible] (ایضاً)

☆ حضرت سفیان بن زہیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یمن فتح ہوگا تو ایک قوم اپنے اہل وعیال اور خدام کو لے کر چلی جائے گی، کاش وہ جانتے کہ مدینہ ہی ان کے لئے بہتر ہوگا، پھر شام فتح ہوگا تو ایک قوم اپنے اہل وعیال اور خدام کو لے کر شام چلی جائے گی، کاش وہ جانتے کہ مدینہ ہی ان کے لئے بہتر ہے۔ پھر عراق فتح ہوگا تو ایک قوم اپنے اہل وعیال اور خدام کو لے کر عراق چلی جائے گی، کاش وہ جانتے کہ مدینہ ہی ان کے لئے بہتر ہے۔ (ایضاً)

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مدینہ منورہ کے بہترین ہونے کے باوجود لوگ اس کو درندوں اور پرندوں کے لیے چھوڑ دیں گے۔ (ایضاً)

☆ [illegible] مازنی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے گھر اور منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک (بہترین) باغ ہے، اور میرا منبر میرے حوض پر ہے۔ (ایضاً)

☆ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ غزوہ تبوک سے واپس آئے اور وادی قریٰ میں پہنچے تو آپ نے فرمایا: مجھے جلدی ہے، جو شخص میرے ساتھ چلنا چاہے چلے اور جو ٹھہرنا چاہے ٹھہر جائے۔ ہم آپ کے ساتھ چل دیئے۔ جب ہم مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو فرمایا: یہ طابہ ہے اور یہ احد ہے، یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ (ایضاً)

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں آخر الانبیاء ہوں اور میری

اشارات

[illegible] البلد ہے، دار الخیر ہے، رشک
[illegible]

[illegible]
کہ صد جنتیں ہیں نثار مدینہ

☆ اسی دلنشین انداز کو سامنے رکھ کر راقم نے عرض کیا ہے۔

عجب دلنشیں ہے بہار مدینہ
کہ صد غیرت گل ہے خار مدینہ
مجھے پوچھتے ہو کہ خورشید کیا ہے
فقط ذرہ رہگذار مدینہ
نگاہ محبت میں گلزار جنت
شبیہ در و بام و دیار مدینہ
میں کیوں دیکھوں رنگینی نرگس و گل
تصور میں جب ہے دیار مدینہ
بنا آئینہ کیوں ہیں حوروں کے عارض
کہ غازہ ہے گرد و غبار مدینہ
کوئی طور پر، کوئی چوتھے فلک پر
گیا عرش پر تاجدار مدینہ
مرا دل طلبگار شاہ دو عالم
مری آنکھ امیدوار مدینہ
ارے مال، اولاد کی بات چھوڑو
مری روح تک ہے نثار مدینہ
فلک پر نہ کیوں کر وہاں زمیں ہو
کہ اس پر ہے نقش و نگار مدینہ
مرا سدرۃ المنتہیٰ سے بھی برتر
عروج مدینہ، وقار مدینہ
غلام آپ کا ہوں، گدا آپ کا ہوں
نگاہ کرم، شہریار مدینہ

☆ مدینہ منورہ دجال اور طاعون سے محفوظ ہے، [illegible] یثرب سے طابہ بنا دیا، پہلے یہ خطہ بیماریوں کا مرکز تھا، حضور سراپا نور ﷺ جلوہ گر ہوئے تو شفاؤں کا مرکز بن گیا۔

☆ ...مدینہ منورہ کسی کا محتاج نہیں، سب مدینہ منورہ کے محتاج ہیں۔

[illegible]
[illegible] وہ خود زمانے کی نیرنگیوں کا شکار ہو چکے گا۔

☆ ...رسول غالب کی بدولت یہ شہر بھی تمام شہروں پر غالب ہے اس کی رفعت شان نے دنیا کے بڑے بڑے شہروں کو سرنگوں کر دیا ہے۔ گویا کہ یہ [illegible] دکھا جانے والی بستی ہے... قریہ عشق و مستی ہے [illegible] حق پرستی ہے—

☆ [illegible] حضور اقدس ﷺ [illegible] مستقبل کے اسرار اور غیوب سے آگاہ فرما دیا ہے۔ کوئی واقعہ آپ سے پوشیدہ نہیں

[illegible]
[illegible] حضور اقدس ﷺ نے [illegible]

☆ حضور اقدس ﷺ [illegible]
کرتے ہیں

ہر گلی کوچہ گاہوں میں جس کی
[illegible]

☆ [illegible] فرمائیں۔

☆ ...حضرت امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں، حضور اقدس ﷺ جس مبارک جگہ مدفون ہیں وہ جگہ کعبہ مشرفہ و عرش [illegible] سے بھی افضل ہے (کشف الغمہ [illegible])

☆ حضرت قاضی عیاض مالکی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں، اس عقیدے میں کسی کا اختلاف نہیں کہ حضور مصطفیٰ ﷺ کی جگہ مدفن [illegible] سب سے افضل ہے
(کتاب الشفا جلد ۲ ص [illegible])

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] ﷺ [illegible] (... ۳۵۱)

حضرت [illegible] علیہ [illegible] حضور اقدس ﷺ [illegible] افضل ہے [illegible]

۔ حضرت [illegible] علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ [illegible] ﷺ کی قبر انور تمام مقامات سے افضل ہے کیونکہ اس پر ہمیشہ رحمت اور انوار و تجلیات کا نزول ہوتا ہے

۱۱۔ حضرت امام قسطلانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں زمین کا جو حصہ حضور اقدس ﷺ کے جسم مبارک سے متصل ہے وہ حصہ [illegible] عرش [illegible] سے بھی افضل ہے [illegible] (مواہب لدنیہ جلد ۲ ص ۳۵۵)

۔ حضرت [illegible] علیہ الرحمہ فرماتے ہیں [illegible] ﷺ [illegible] افضل ہے [illegible] (... جلد ۲ ص ۳۰۳)

۲۲۔ حضرت امام محمد بن یوسف شامی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں آپ ﷺ کی [illegible] متصل ہونے کی وجہ سے [illegible] عرش [illegible] بھی افضل ہے۔ (سبل الہدی جلد ۳ ص ۶۵)

۲۳۔ حضرت ملا علی القاری حضرت [illegible] اور حضرت [illegible] شامی جیسے [illegible] کا بھی یہی عقیدہ ہے [illegible]

[illegible]

ان پر درود جن سے نوید [illegible] کی ہے

[illegible]

[illegible]

یہ عاری بیاری کیا رکی تیرے غلامی کی

[illegible]

☆ جب حضور اکرم ﷺ کا جسم اقدس [illegible] تو صاحب [illegible] چاہئے [illegible] حضرت [illegible] حضرت [illegible] سے نقل کیا ہے۔ [illegible] مت کا [illegible] ہونا چاہئے

☆ فرمایا [illegible] مسجد شریف میرے حجرے [illegible] ﷺ [illegible] کی طرح ہوتے ہیں [illegible] جاری رہتا ہے

☆ حضور اقدس ﷺ [illegible] میں تیز چلا کرتے۔

☆ [illegible] مسجد کا مطلب یہ ہے [illegible] حضرت [illegible] حدیث [illegible] (... جلد ۲ ص ۵۶)

☆ مدینہ منورہ [illegible] ہر قسم کی بیماری کا علاج ہے [illegible] حضور اقدس ﷺ کی برکت موجود ہے۔ (مواہب لدنیہ جلد ۲ ص ۳۹۲)

☆ ☆ ☆

منصب نبوت اور مقام حدیث

قسط: 4

(قرآن کریم کی روشنی میں)

محمد صدیق ضیاء

رسالت عالمگیر اور اطاعت کی حیثیت ابدی ہے

انسانوں کے لئے اللہ کی ہدایت کے دو ذریعے ہیں ایک اللہ کا
قرآن [illegible] رسول (ﷺ) اللہ تعالیٰ نے قرآن [illegible]
[illegible] کے لئے ہدایت و نصیحت
کی کتاب ہے ارشاد ہوتا ہے!

شہر رمضان الذی انزل فیه القرآن هدی للناس (البقرۃ ۱۸۵)

ترجمہ: رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اترا (جو) لوگوں کے لئے
ہدایت ہے

ان هو الا ذکر للعلمین (یوسف ۱۰۴)

ترجمہ: نہیں ہے یہ قرآن مگر نصیحت سب جہانوں کے لئے

تو جس خدا نے ایک قرآن کریم کو سب انسانوں اور تمام
جہانوں کے لئے ہدایت و نصیحت بنایا ہے اسی خدا نے اپنے رسول کریم ﷺ
کو [illegible] مبعوث فرمایا ہے، سب انسانوں اور تمام
جہانوں کے لئے رسول بشیر و نذیر اور رحمت بنا کر مبعوث فرمایا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے!

وارسلنک للناس رسولاً (النساء ۷۹)

ترجمہ: اور بھیجا ہم نے آپ کو (اے محبوب) سب لوگوں کی طرف
رسول بنا کر

قل یا ایها الناس انی رسول الله الیکم جمیعاً (الاعراف ۱۵۸)

ترجمہ: تم فرماؤ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں [illegible]

وما ارسلنک الا کافة للناس بشیراً و نذیراً (سبا ۲۸)

ترجمہ: اور اے محبوب ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے جو تمام
آدمیوں کو گھیرنے والی ہے خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا۔ (کنز الایمان)

تبرک الذی نزل الفرقان علی عبده لیکون للعلمین نذیراً

ترجمہ: بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندہ پر جو سارے
جہان [illegible]

واوحی الی هذا القرآن لانذرکم به ومن بلغ (الانعام ۱۹)

ترجمہ: اور میری طرف اس قرآن کی وحی ہوئی کہ میں اس سے تمہیں
ڈراؤں اور جن جن کو پہنچے۔ (کنز الایمان)

